ہولی	۲۶-مارچ	یکشنبہ	۱	کانپور میں ۲ یوم
گڈ فرائیڈے	۳۱-مارچ	جمعہ	۱	
رام نومی	۱۹-اپریل	چارشنبہ	۱	
عید الضحیٰ	۲۱-اپریل	جمعہ	۱	
محرم	۱۹ تا ۲۱-مئی	جمعہ تا یکشنبہ	۳	
سالگرہ حضور قیصرہ ہند	۰	۰	۱	تاریخ بحکم گورنمنٹ ہند
بارہ وفات	۲۱-جولائی	جمعہ	۱	
سلونو	۲۱-اگست	دوشنبہ	۱	
جنم اشٹمی	۲۸-اگست	دوشنبہ	۱	
اننت چودس	۱۸-ستمبر	دوشنبہ	۱	
دسہرہ	۱۲ تا ۱۵-اکتوبر	چارشنبہ تا شنبہ	۴	
دیوالی	۴-نومبر	شنبہ	۱	
شب برات	۱۸-دسمبر	دوشنبہ	۱	
بڑا دن	۲۵ تا ۳۱-دسمبر	دوشنبہ تا یکشنبہ	۷	


اگر کسی یکشنبہ کو جو سال کے اندر واقع ہو تعطیل ہوگی اہل اسلام کی تعطیلیں بسبب فرق رویت ہلال کے ایک دن آگے پیچھے ہو سکتی ہیں۔ علاوہ ایام مندرجہ بالا کے جب کبھی سومواری اماوس یا سورج گرہن ہو تو اس کی تعطیل ہوگی جب چاند گرہن ہو تو اس کے دوسرے دن تعطیل متصور ہوگی۔ مزید براں وہ ایام وقت تعطیل جبکہ بال اور دیگر ضلعوں میں جو عملہ کارروائی کرتے ہیں تعطیلہائے مندرجہ ذیل ضلع اور سیشن جج ہیں ایام تعطیل متصور ہونگے-

ضلع ڈیرہ دون کی عدالتہائے دیوانی میں تعطیل دسہرہ کے عوض ایک مہینے کی تعطیل میں ۱۶-دسمبر ۱۸۹۹ء لغایت ۱۵ جنوری ۱۹۰۰ء ہوگی جب صاحب جج ضلع سہارنپور کا اجلاس بمقام ڈیرہ دون ہو تو انکی عدالت میں اشتہار متعلقہ قاعدہ عام میں داخل ہوگی-

فہرست تعطیلات محکمجات ممالک محروسہ سرکار نظام حیدرآباد دکن بابت ۱۸۹۹ء

نام تعطیل	تاریخ تعطیل	تعداد یوم	کیفیت
رمضان المبارک	۳ تا ۱۰ فروردین	۴	اہل اسلام کے لیے
عید الفطر	۱۱ تا ۱۴ فروردین	۴	۱۱ و ۱۲ عام ۱۳ و ۱۴ صرف اہل اسلام
عرس گلبرگہ شریف	۲۴-اردی بہشت	۱	دفاتر گلبرگہ کے لیے
عید الضحیٰ	۱۶ تا ۱۹ خورداد	۴	۱۶ و ۱۷ عام ۱۸ و ۱۹ صرف اہل اسلام
عرس شمس عالم	۰	۱	دفاتر رائچور کے لیے
محرم	۱۰ و ۱۵ تا ۱۷ تیر	۴	عام
عرس حضرت حبیب الدین	۸ تا ۱۰ شہریور	۳	دفاتر اورنگ آباد کے لیے
دوازدہم شریف	۱۳ شہریور	۱	اہل اسلام کے لیے
سالگرہ حضور نظام	۴ مہر	۱	عام
یازدہم شریف	۱۲ مہر	۱	اہل اسلام کے لیے
عرس جمال بہار	۱۲ و ۱۳ آبان	۲	دفاتر [illegible] کے لیے
[illegible]	[illegible]	۱	اہل اسلام کے لیے
شب برات	۱۵ بہمن	۱	اہل اسلام کے لیے
عید نوروز	۱۲-اردی بہشت	۱	صرف پارسیوں کے لیے
بسنت پنچمی	۱۳ فروردین	۱	ہنود کے لیے
شیوراتری	۶-اردی بہشت	۱	ایضاً
ہولی	۲۲-اردی بہشت	۱	ایضاً
دھولنڈی	۲۳-اردی بہشت	۱	عام
اوگادی	۷-خورداد	۱	ہنود کے لیے
راکھی پونم	۱۴-مہر	۱	ایضاً
جنم اشٹمی	۲۱ مہر	۱	ایضاً
گنیش چترتھی	۴-آبان	۱	ایضاً
اننت چودس	۱۲-آبان	۱	ایضاً
دسہرہ	۸ و ۹-آذر	۲	ایضاً
دیوالی	۲۸ آذر	۱	ہنود کے لیے
ایسٹر سنڈے	۱۲ فروردین	۱	عیسائیوں کے لیے
گڈ فرائیڈے	۲۸-اردی بہشت	۱	ایضاً
ایسٹر منڈے	۳۰-اردی بہشت	۱	ایضاً
وہٹ منڈے	۳-تیر	۱	ایضاً
سالگرہ حضور قیصرہ	۰	۱	ایضاً
کرسمس ڈے	۲۲ تا ۲۹ بہمن	۹	ایضاً

واضح ہو کہ علاوہ تعطیلات مندرجہ بالا کے ہر جمعہ کو تعطیل ہوتی ہے اور جو جمعہ کہ درمیان تعطیلات مندرجہ بالا کے واقع ہو اُسکا معاوضہ نہ دیا جائیگا۔ سورج گرہن کے روز اور چاند گرہن کے صبح کو ایک روز کی تعطیل ہنود کے لیے مقرر ہے۔



مسجد ایا صوفیہ

تاریخ روم

عہد سلاطین عثمانیہ

نمبر ۲

سلطان فاتح


یعنی ابو الفتح غازی محمد خان ثانی

محمد خان جو کہ دو مرتبہ عارضی طور پر پہلے تخت نشین ہو چکا تھا اب بعد انتقال مراد خان کے اکیس برس کی عمر مین پانچ دسوین محرم مطابق نوین فروری ۸۵۵ھ ۱۴۵۱ء کو مستقل بادشاہ ہوا - اس سے تین برس پیشتر شاہ قسطنطنیہ انتقال کر چکا تھا اور اسکی جگہ اسکا بڑا بیٹا قسطنطین یازدہم تخت نشین ہو چکا تھا - اسکے سامنے ہی محمد خان دو مرتبہ ناقابل حکومت ٹھہرنے کی وجہ سے تخت سے اوتارا جا چکا تھا اس لیے اب بھی وہ ایسا ہی سمجھا گیا - اور اسی زعم پر قسطنطین نے محمد خان سے خواہ مخواہ چھیڑ پیدا کی - چنانچہ ایک ایلچی بغرض اضافہ اُس تنخواہ کے جو یلدرم بایزید خان کے بڑے بیٹے سلیمان خان کی اولاد (یعنی شہزادہ آرخان) کے لیے ترکی گورنمنٹ سے جایا کرتی تھی روانہ کیا - ایلچی جسوقت دربار روم مین پہونچا تو اُسنے گستاخانہ طور پر دھمکی دی کہ اگر اس مقصود کی تکمیل نہوئی تو مجبوراً ہمارا شاہنشاہ شاہزادہ آرخان کو رہا کر دیگا اور اس بات کا ذمہ دار نہوگا کہ وہ ترکون سے لڑ کر انکا تاج و تخت چھین لے - حیرت ہوئی کہ جسوقت یہ پر جوش نامہ ایڈریانوپل[1] مین پہونچا تو اتفاق سے محمد خان وہان موجود تھا - اُسوقت وہ ایشیای کوچک مین ایک



سلطان محمد خان فاتح

[1] اسوقت تک ایڈریانوپل ہی سلاطین عثمانیہ کا دار الخلافہ تھا ۱۲



مسجد ایا صوفیہ

تاریخ روم
عہد سلاطین عثمانیہ
نمبر ۲



سلطان محمد خان فاتح

سلطان فاتح
یعنی ابوالفتح غازی محمد خان ثانی

محمد خان جوکہ ڈو مرتبہ عارضی طور پر پہلے تخت نشین ہوچکا تھا اب بعد انتقال مراد خان کے اکیس برس کی عمر مین بتاریخ دسوین محرم مطابق نوین فروری ۱۴۵۱ء ۸۵۵ھ کو مستقل بادشاہ ہوا۔

اِس سے تین برس پیشتر شاہِ قسطنطنیہ انتقال کرچکا تھا اور اُسکی جگہہ اُسکا بڑا بیٹا قسطنطین یازدہم تخت نشین ہوچکا تھا۔ اُسکے سامنے ہی محمد خان ڈو مرتبہ ناقابلِ حکومت ٹھہرنے کی وجہ سے تخت سے اوتارا جاچکا تھا اِس لیے اب بھی وہ ایسا ہی سمجھا گیا۔ اور اِسی زعم پر قسطنطین نے محمد خان سے خواہ مخواہ چھیڑ پیدا کی۔ چنانچہ ایک ایلچی بغرض اضافہ اُس تنخواہ کے جو ایلدرم بایزید خان کے بڑے بیٹے سلیمان خان کی اولاد (یعنی شہزادہ آرخان) کے لیے ترکی گورنمنٹ سے جایا کرتی تھی روانہ کیا۔ ایلچی جسوقت دربار روم مین پہونچا تو اُسنے گستاخانہ طور پر دھمکی دی کہ اگر اس مقصود کی تکمیل نہوئی تو مجبوراً ہمارا شاہنشاہ شاہزادہ آرخان کو رہا کردیگا اور اِس بات کا ذمہ دار نہوگا کہ وہ ترکون سے لڑکر انکا تاج و تخت چھین لے خیریت ہوئی کہ جسوقت یہ پرجوش نامہ ایڈریانوپل[1] مین پہونچا تو اتفاق سے محمد خان وہان موجود نہ تھا۔ اُسوقت وہ ایشیای کوچک مین ایک

[1] اسوقت تک ایڈریانوپل ہی سلاطین عثمانیہ کا دارالخلافہ تھا ۱۲

ہنگامہ فرو کرنے مین مصروف تھا ناگاہ اُسکو یہ تردد انگیز پیام پہونچا۔ مگر بجاے اسکے کہ وہ معاً برافروختہ ہو جاتا اُسنے سہولیت کے ساتھ رفع الوقتی کی اور ایک نرم اور نہایت خلیقانہ جواب دیکے ٹال دیا۔ مگر اسکے بعد محمد خان جسقدر جلد جلد مہم ایشیا کو ختم کرکے دلجمعی حاصل کرنا چاہتا تھا قسطنطین اُسیقدر پے در پے اپنی درخواستین بھیج بھیج کر اوسکو پریشان کرتا جاتا تھا۔ ناچار اعلان کرنا پڑا کہ شاہزادہ آرخان کی جو تنخواہ مقرر تھی وہ کلیتہً ضبط کرلی گئی۔ شاہنشاہ یونان طیش مین آگیا اور کہلا بھیجا کہ اب وہ وقت قریب ہے کہ مین ترکی شاہزادہ کو ایڈریانوپل مین لاکر تخت نشین کرادونگا۔ اُسکے جواب مین ترکی وزیر اعظم خلیل پاشا نے دربار یونان کو متنبہ کیا کہ جو روش تمھارے شاہنشاہ نے اختیار کی ہے افسوس ہے کہ عنقریب اوسکا خمیازہ تم سب کو بھگتنا پڑیگا۔

اب محمد خان نے سرعت کے ساتھ عملی کارروائیان شروع کین یعنی سرحد قسطنطنیہ پر لب باسفرس ایک عظیم الشان قلعہ "رومیلیا حصار"[۱] کے نام سے تعمیر کرانے لگا اور جسکو ایک ہزار معمارون اور دو ہزار مزدورون کے اہتمام سے تین ماہ مین مکمل طیار کرالیا۔ جسوقت اُسپر بڑی بڑی توپین قرینے سے چڑھائی جانے لگین تو شاہنشاہ یونان نے درپردہ مزاحمت شروع کی یعنی وہان کے عیسائی زمیندارون اور دہقانون کو ترکون کے خلاف آمادۂ فساد کردیا۔ مگر جب ترکون کی جانب سے اُن کی خوب زدوکوب کی گئی تو خود قسطنطین نے مسلح ہونے کا قصد کیا اور ہر شخص کی آنکھین اُس شدنی جنگ کی منتظر ہوگئین جسکی نسبت پہلے ہی سے خیال تھا کہ وہ یقیناً تمام دنیا کے اولوالعزم تاجدارون کو لرزانے والی اور یورپ کے ایک نہایت وسیع، زرریز اور مردم خیز حصے کا جغرافیہ پلٹ دینے والی ہوگی۔

جنگ کا عنوان ایسا وحشت انگیز اور طولانی نظر آنے لگا کہ جنگ آورون پر بھی ایک بیقراری اور اضطراب کی حالت طاری ہوگئی۔ شاہنشاہ یونان جسقدر جنگ کا انتظام کرتا تھا اُسی قدر اُسکے دماغ مین بدحواسی جگہ کرتی جاتی تھی۔ وہ کبھی عیسائی سرزمینون پر ایلچی روانہ کرتا کہ مذہب کی حمایت مین مسلمانون سے جنگ کرو۔ اور کبھی آسمانی فرشتون سے مدد مانگتا کہ (عیش پسند) یونانیون پر (جفاکش) ترکون کو غلبہ نہونے دو۔ کبھی قسطنطنیہ پر مراد خان کا غضبناک حملہ یاد کرتا اور دم بخود ہو جاتا، اور کبھی فصیل شہر کی مضبوطی اور اُسپر ورجن میری (کنواری مریمؑ) کی نگہبانی کا بھروسا کرتا اور دل کو تسکین دے لیتا۔ محمد خان کی حالت بھی اِسی کے قریب قریب تھی۔ اگرچہ وہ فتح کے شوق مین بیتاب ہو رہا تھا لیکن پھر بھی کسی پہلو اُسکو قرار نہ آتا تھا۔ کبھی وہ اندھیری رات مین بھیس بدل کر لشکر کے گلی کوچون مین گشت کرتا اور اپنی سپاہ کے اندرونی حالات اور عوام الناس کے خیالات دریافت کرتا پھرتا، اور کبھی اپنے پلنگ پر ساری رات عالم انتشار مین ایک پہلو سے دوسرا پہلو بدلتے بدلتے صبح کردیتا۔ کبھی ہوش مین آکر خدا سے دعا کرتا کہ مجھکو اِس مہم مین فتح نصیب ہو، اور کبھی مجنونانہ طور پر اپنے وزیر سے التجا کرتا کہ تو قسطنطنیہ میرے حوالے کردے۔ اُسکی عملی کارروائیان ان خیالات ہی تک محدود نہ تھین بلکہ وہ بڑے بڑے جنرلون اور فوجی انجنیرون کو اپنے پاس بٹھا کے اُنکے روبرو شہر قسطنطنیہ کا نقشہ کھینچتا، پھر اُن سے مشورہ لیتا، کہ کدھر توپخانہ لگایا جائیگا؟ کدھر سے شہر پر حملہ ہوگا، کہان سُرنگ لگے گی، کس جانب کی فصیل پر سیڑھیان کام دے سکین گی؟ الغرض تمام رات اسی قسم کی صلاحین ہوا کرتین اور تمام دن اِسی کا تجربہ اور مشق کی جاتی۔ یہان تک کہ ۸۵۶ھ ۱۴۵۲ء کی خزان کا موسم طرفین کی طیاری اور مستعدی ہی مین صرف ہوگیا۔

محمد خان کا مستعدانہ زور دیکھکے شاہنشاہ یونان کے ہوش بجا نرہے اُسنے روما کے پوپ سے (جسکو کبھی خیال مین بھی نہ لاتا تھا) عاجزانہ طور پر مدد کی خواہش کی مگر پوپ نے پہلے یہ شرط منظور کرالی کہ "گریک چرچ اور کلیسائے روم مین آیندہ سے اتحاد رہیگا"۔ اُسکے بعد مدد کے لیے ایک زبردست فوج روانہ کی۔ چونکہ یہ فوج بعوض ایک ناگوار شرط کے آئی اسلیے یونانیونکو بجاے خوشی کے سخت صدمہ ہوا۔ اور یہی وجہ تھی کہ باوجود ایک لاکھ کی آبادی کے صرف نو ہزار یونانیون نے اِس جنگ مین اپنے شاہنشاہ کا ساتھ دیا۔ تاہم اٹلی اور اسپین نے بسبب تجارتی اغراض اور مذہبی اتحاد کے بکثرت سپاہی قسطنطنیہ کی حفاظت کے لیے بھیجے۔ اریگان کیٹلا اور وینیشیا کے باشندون نے بھی فوجون دز لینڈ سے کمک روانہ کی۔ یہ متحدہ امداد شاہنشاہ کے لشکر کے لیے ایک ایسی تعداد کثیر تھی کہ قسطنطنیہ جیسے شہر کو (جو اپنی آپ حفاظت کرسکتا تھا) بالکل کافی سمجھی جاسکتی تھی۔

اِدھر محمد خان نے قسطنطنیہ کے محاصرہ کے واسطے ستر ہزار فوج بری اور تین سو بیس کشتیان طیار کین جنمین اٹھارہ جنگی تھین باقی رسد اور باربرداری کے کام مین لائی جاتی تھین۔ بمقابلہ اِن کشتیون کے یونانی جہازون کی تعداد چودہ تھی، جو بہت بڑے اور اونچے تھے اور گولڈن ہارن کے دہانے پر بیرونی جہازون کے جانے کا راستہ روکے ہوئے تھے۔

محمد خان نے قسطنطنیہ کا محاصرہ خشکی کی جانب سے شروع کیا۔ ترکی فوجونکو شہر کے مغربی حصے سے مشرقی حصے یعنی بحر مارمورہ سے گولڈن ہارن تک بالترتیب خیمہ زن کردیا اور اپنا سلطانی جھنڈا سینٹ رومانس کے پھاٹک کے سامنے نصب کیا۔ حملے کیوقت ترکون کے تیرون، توپون، اور منجنیقون نے پورا

[۱] اسی قلعے کے سامنے نہر باسفرس کے اُس پار یعنی ایشیائی حصے مین دوسرا قلعہ ہے جو محمد خان ثانی کے دادا محمد خان اول کا تعمیر کیا ہوا ہے اور اُسکا نام "اناطولیا حصار" ہے ۱۲

کام دینا شروع کیا۔ یونانی فوج ابتدا مین نکل نکلکر حملہ آور ہوئی مگر جب مخالف کو زیادہ زوردار پایا تو قلعہ بند ہو کر فصیل شہر سے جواب دیتی رہی۔ ترک آگے بڑھنے پر ہر وقت تلے رہتے تھے۔ ایک جانب یونانیون نے فصیل شہر پر بڑی توپین نصب کرنیکا ارادہ کیا مگر کچھ سمجھکر باز رہے۔ محمد خان جو بڑے غور سے جنگ کی حالت کا موازنہ کر رہا تھا فوراً تاڑ گیا کہ یہان کی فصیل کمزور ہے اسنے فوراً حکم دیا کہ اس جگہ چودہ دمدمے طیار ہون اور جب اُن پر بڑی بڑی توپین جمائی گئین ایک ساتھ گولہ باری شروع کی تو بسبب کہنگی کے دیوار مین روزن ہونا شروع ہوگئے۔ یونانی فوج سامنے سے غائب ہونے لگی اور ترکی فوج فصیل کی جانب پیشقدمی کرنے لگی۔ شہر پناہ کے گرد ستو فیٹ کا عمیق خندق تھا اُسکو پاٹ کے ترکون نے سڑک بنالی۔ مگر اسوقت بسبب شام ہوجانے کے جنگ موقوف کرنا پڑی لیکن یہ امید ہوگئی کہ صبح کو یورش کرکے شہر مین داخل ہوجانا اب کوئی مشکل کام نہین رہا۔

علی الصباح جب ترکی لشکر بغرض فتح قسطنطنیہ آراستہ ہوا تو اسکو یہ دیکھکر سخت حیرت ہوئی کہ جسقدر حصّہ دیوار کا منہدم ہوگیا تھا وہ رات بھر مین سب درست کرلیا گیا، اُسکے برج طیّار ہوگئے، جو خندق بڑی مصیبتون سے پاٹی گئی تھی وہ سب صاف کردی گئی۔ اِس دن کی جنگ کا نتیجہ بھی ترکون کے حق مین خراب نکلا یعنی شاہنشاہ یونان اور اُسکے مددگار جسٹی نیانی نے جو رات بھر مستعدی سے کام کرتے رہے دن کو ترکون پر اس شدت سے گولہ اندازی کی کہ ترکونکا ایک منصوبہ بھی کارگر ہونے نہ پایا۔ اسی عرصے مین جنیوا کے چار بڑے جہاز رسد اور باربرداری سے بھرے ہوئے یونانیون کی کمک پر آئے اور ترکی بیڑے کو چیرتے پھاڑتے صاف نکلگئے۔ جب محمد خان نے دیکھا کہ موقع ہاتھ سے جاتا ہے تو اُسنے اپنے ڈیڑھ سو بحری سپاہی کشتیون پر دوڑائے مگر وہ جہاز اسقدر اونچے اور بڑے تھے کہ نہ ترک اُنکو پکڑ سکے اور نہ اُنپر چڑھ سکے۔ اُسوقت محمد خان نے خود اپنا گھوڑا دریا مین ڈالدیا اور اپنی بحری فوج کو طیش مین لاکر دوبارہ حملہ کرایا مگر بجز اسکے کہ عیسائیون کے جہاز کچھ دیر کو بے ترتیب ہو کر پھر مجتمع ہوگئے اور کچھ نہو سکا۔ اور جب عیسائیون نے گولیون کی بوچھار کرنا اور اوپر سے نیچے بڑے بڑے پتھر لڑھکانا شروع کیے تو ترکون کی کشتیان تاب نہ لاکر ناکامیاب واپس آئین۔ اُسوقت قسطنطنیہ کی فصیل پر بیشمار یونانی اس تماشے کو دیکھنے کے لیے جمع تھے۔ جب ترکی سپاہ کنارے آکر کشتیون سے اترنے لگی تو فصیل شہر پر بڑے زور سے نعرۂ خوشی بلند کیے گئے۔ اِدھر محمد خان اپنی ناکامی پر سکوت کیے ہوئے کھڑا رہا اور اُدھر عیسائی جہازون کا بیڑہ امن و امان کے ساتھ گولڈن ہارن مین داخل ہوگیا۔

رسد سو بچ جانے پر یونانیون کی امیدین از سر نو زندہ ہوگئین اسلیے کہ


شہر قسطنطنیہ قدرتی طور سے ایسے مناسب ثنے پر واقع ہوا تھا کہ اُسکے دوستون کا وہان تک پہونچنا جیسا آسان تھا اُسی قدر دشمنون کی رسائی دشوار تھی۔ نقشہ دیکھنے والون کو معلوم ہوگا کہ قسطنطنیہ ایک مثلث قطع کی پہاڑی پر واقع ہے، جو خلیج مارمورہ کی جانب نکلی ہوئی ہے، اُسکے دو پہلوؤن کو سمندر تھپیڑے دیتا ہے۔ جو پہلو جنوبی سمت ہے وہ بحر مارمورہ مین ہے اور شمالی سمت جسے خلیج گولڈن ہارن مین غرق ہے۔ اگرچہ قسطنطنیہ کے ہر چہار طرف فصیل تھی مگر جو فصیل گولڈن ہارن کی جانب تھی وہ کمزور سمجھی جاتی تھی اور ترکون نے اپنے موقع کے لیے اُسی رُخ کو تاک رکھا تھا۔ اب جو یونانیون کے جنگی جہازون اور دیگر امدادی بیڑون نے اسکا دہانہ روک لیا تو محمد خان کی ساری بحری قوت بیکار ہوگئی۔ اِس نازک وقت پر اگر کوئی دوسرا شخص ہوتا تو ایسی خطرناک مہم سے جسمین امید سے زیادہ نا امیدی کا سامنا تھا دل شکستہ ہو کر میدان جنگ سے کب کا مفرور ہوگیا ہوتا۔ مگر محمد خان ا جسکو خدا نے اسی دن اور اسی کام کیلیے پیدا کیا تھا مطلق ہراسان نہوا اُسنے اپنی ریاضی دانی کے زور اور خدا کے بھروسے پر یہ کارروائی شروع کی کہ باسفرس سے گولڈن ہارن کے اُس سرے تک (جہان دریاے آب شیرین گرا ہے) زمین پر چوبی تختے بچھوا کر اُنکے بالائی سطح پر چربی لگائی، اِسکے بعد اپنی اسّی کشتیان جن مین اٹھارہ جنگی جہاز شامل تھے نہر باسفرس سے نکال کر خشکی مین ڈالدین، ہر کشتی پر دو ناخدا متعین کرکے اونکو تختون کی سڑک پر بالترتیب لگایا، ہوا کی موافقت سے بادبانون کو کھول کر سپاہیون نے ہر جہاز مین زور لگانا شروع کیا، یہان تک کہ یہ پورا بیڑہ دس میل کی مسافت[1] (جسمین سیکڑون پہاڑی نشیب و فراز جھیلنے پڑے) طے کرتا ہوا اور غلاطہ کے عیسائیون کے سر پر ہوتا ہوا صبح ہونے سے پیشتر گولڈن ہارن مین داخل ہوگیا۔

بشنو این فرمودۂ رب العلیٰ
لیس للانسان الا ما سعیٰ

سپاہیون کی خوشیون کے نعرے، مردانہ رجز خوانیون کے نغمے، مشعلونکی روشنی، اور اُس روشنی مین خشکی پر اُتنے جہازون کو چلتے دیکھکر دشمن اور اُسکی تمام فوج پر خوف، نا امیدی، اور ہراس کی کیفیت طاری ہوگئی۔ بلکہ جنگ کا جو انجام ہونیوالا تھا یونانیون کی آنکھین ابھی سے اُسکی صورت پیدا کرنے لگا۔ گولڈن ہارن کے جس تنگ مقام مین یہ بیڑا اُتارا گیا یونانیون اور اُن کے مددگارون کے جہاز بسبب نیچی قدکے وہانتک نہ پہونچ سکے۔ اسلیے محمد خان نے جب آسیر پل باندھنا چاہا تو دشمن کی بحری فوج کچھ مزاحمت نہ کرسکی۔


[1] یہ فاصلہ نقشہ مین صرف پانچ میل نظر آتا ہے مگر جب کوہی نشیب و فراز پیمایش کرکے اسکے ساتھ شامل کردیے جائین تو پورے دس میل کی مسافت ہوجائیگی ۱۲۔

یہ پل فصیل شہر کے مغربی و شمالی گوشے سے اتنا قریب طیار کیا گیا کہ اگر اُسپر توپ رکھی جاے تو قسطنطنیہ کے اُس حصے پر جو گولڈن ہارن کی جانب ہے بخوبی گولہ اندازی ہو سکے۔ جب یونانیون کو یقین ہو گیا کہ عنقریب ترکی فوج اپنے ارادے مین کامیاب ہوا ہی چاہتی ہے تو جسٹی نیانی نے جنویز اور گریکس کے لشکر کی امداد سے پل توڑنے اور ترکی جہازون کے جلادینے کی بہت سرگرمی سے کوشش کی اور وینیشیا کی فوج نے جان توڑ کر پے درپے حملے کیے لیکن جب ترکونکا اُس سے کچھ نقصان نہو سکا تو آخر مین تھک کر ہمت ہار گئے ترکون نے شمالی شہرپناہ کی جانب اب زیادہ زور دینا شروع کیا۔ یونانیون نے بھی ہر طرف سے سمٹ کے اور توپون اور فوجون کو ایک جگھہ کر کے اُسی حصے کو زیادہ مضبوط کیا۔ سات ہفتے تک برابر محاصرہ قایم رہا اور طرفین سے گولہ باری ہوتی رہی القصہ ترکون کی بڑی فوج نے مغربی شہرپناہ پر توپین داغنا شروع کین کچھ عرصے مین چار بڑے برج منہدم ہو گئے اور سینٹ رومانس کے پھاٹک کی جانب بڑے بڑے سوراخ نظر آنے لگے۔ دیوارین گر گر کر زمین پر آجانے سے وہ عمیق



خندق خودبخود پٹ گئی اور ترکون کو قسطنطنیہ مین داخل ہونے کے لیے بلا کسی مشقت کے راستہ پیدا ہو گیا۔ اُسوقت محمد خان نے شاہنشاہ یونان کو پیام بھیجا کہ اب بندگان خدا کی اسی مین خیر ہے کہ قسطنطنیہ میرے حوالے کر دیا جاے مگر اُسنے نامنظور کر کے جواب دیا کہ مین تا دمِ واپسین اِس مقدس شہر کی تم لوگون سے محافظت کرونگا۔ ۲۴۔ مئی کو سلطان نے دوبارہ کہلا بھیجا کہ اب کشت و خون کا خاتمہ ہو کر شہر کی کُنجیان میرے حوالے ہونا چاہیے مگر اِس مرتبہ بھی باوجود ارکین سلطنت کی فہمایش کے قسطنطین نے صاف انکار کر دیا۔ اُسکے دل مین یہ عقیدہ جما ہوا تھا کہ شہر قسطنطنیہ کبھی غیر مذہب کے ہاتھ سے فتح نہو گا اگر کوئی حملہ آور ہو گا تو شہر کی حفاظت حضرت مریم اور روح القدس اپنے ہاتھ مین لینگے اور دشمن کو فتحیاب نہونے دینگے۔ غرضکہ سلطان محمد خان کو جب اِدھر سے قطعاً مایوسی ہوئی تو ناچار اُسنے فوج کو شہر پر دھاوے کا حکم دیدیا اور تمام لشکر مین منادی کرادی کہ جملہ عمارات شاہی سلطان کے لیے اور کُل مالِ غنیمت سپاہ کے لیے ہے۔ یہ سنکر ترکون کے چہرے بشاش ہو گئے اور سب کے سب یقینی فتح حاصل کرنے پر طیار ہو بیٹھے۔ اِس طرف قسطنطین نے بھی اپنی رعایا کے بڑے بڑے سردارون کو بلاکے ترکون کے ارادے سے اطلاع دی اور باشندگان شہر کو مددگار بنانے کی خاطر بہت کچھ مذہبی جوش پیدا کرنا چاہا لیکن سب نے جواب دیدیا کہ ہمکو تجھ ایسے بے ایمان کی سلطنت سے ترکونکی حکومت زیادہ پسند ہے۔ بالآخر اُسنے اپنی ذاتی سپاہ اور مددگار فوج پر بھروسا کر کے محمد خان کے حملے کو روکنے کی تدبیر کی۔ ایسے نازک وقت پر جسٹی نیانی نے بہت بڑی مردانگی دکھائی اُسنے حیرت انگیز کوشش سے سینٹ رومانس کے منہدم شدہ برجون اور پھاٹک کے پیچھے [illegible] تعمیر کرکے اسپر خاص [illegible] کو متعین کیا۔ شاہنشاہ یونان نے شہر اور قلعہ کی حفاظت کا کام اپنے ذمے لیا اور ہر طرف سے کامل مضبوطی کر لینے کے بعد وہ آخری جنگ پر مستعد ہو گیا۔

۲۰۔ جمادی الاولی مطابق ۲۹۔ مئی ۸۵۷ھ (۱۴۵۳ء) کو بعد طلوع آفتاب کے لشکر سلطانی کو جنبش ہوئی۔ اُسمین سب سے آگے ناتجربہ کار سپاہیونکا مجمع تھا اُسکے پیچھے قواعددان فوج تھی اور سب کے بعد ینگچری (ینی چری) فوج کا دستہ تھا جسکی کمان خود محمد خان کے ہاتھ مین تھی۔ یہ تمام لشکر خشکی کی طرف سے اور جہازون کا بیڑہ تری کی طرف سے ایک ساتھ بڑھا دو گھنٹے تک طرفین سے زور شور کی جنگ رہی۔ سلطانی جمعیت پھاٹک مین گھستی جاتی تھی اور یونانی سپاہی اُنکو کاٹتے جاتے تھے یہانتک قواعددان فوج کا نمبر آگیا۔ اِن سپاہیون نے پہلے



میدان قسطنطنیہ
پیمانہ بحساب میل انگریزی
بحر مارمورہ

تاک کر ایک بار ھ سینٹ رومانس کی فصیل پر باری جسنے بہادر جسٹی نیانی کا (جو بڑی جوانمردی سے اپنی فوج کو لڑا رہا تھا) خاتمہ کر دیا۔ پھر ساری ہمت صرف کر کے قسطنطنیہ مین داخل ہونا شروع ہو گئے۔ ایک ترکی سردار حسن نامی اپنے ساتھ کے اٹھارہ جوانون کو لے کر فصیل کے برج پر چڑھنے لگا۔ یونانیون نے بالترتیب ایک ایک کر کے انکو کاٹنا شروع کیا یہان تک کہ حسن اور اسکے کل ہمراہی قتل ہو گئے۔ لیکن اسکے ساتھ ہی پچھلی صفون کے لیے راستہ کھل گیا۔ ترکون کی آخری فوج بے تکلف گھستی چلی آئی اور تمام دمدمون پر جھٹ قابض ہو گئی۔ اسی حالت مین بحری فوج کے سپاہیون نے شہر پناہ کے جنوبی حصے کو توڑ کر دروازہ کر لیا اور پیچھے سے آکر ایالیان قلعہ کو گھیر لیا۔ اب جنگ مغلوبہ شروع ہو گئی اور طرفین کے سپاہیون کی ترتیب بعد جاتی رہی۔ تھوڑے عرصے تک لڑائی ہونے کے بعد عیسائیون کے قدم اٹھ گئے۔ مگر اب آخر جائین کہان؟ ایسے نازک اور بیکسی کے وقت شاہنشاہ یونان یعنی قسطنطین یازدہم کی زبان سے نکلا کہ ہے کوئی عیسائی جو اسوقت میرا سر تن سے جدا کر ڈالے؟ لیکن افسوس اور ہزار افسوس کہ اسکی قسمت مین مسلمان کے ہاتھ سے موت تھی اس لیے وہ ترکی لشکر کی طرف جھپٹا اور ساتھ ہی تلوار کے دو زخم کھا کر زمین پر گر گیا۔ اسوقت شاہنشاہ یونان کی ایسی حالت تھی کہ شاید کوئی اسکا شیر شہزادہ ارخان کی تنخواہ کے اضافے اور سکو دست بردار کرنا چاہتا تو عجب نہین کہ وہ اپنے دعوٰے پیش کردہ کو واپس لے لیتا۔ مگر ازل سے اسوقت تک قدرت نے کوئی قاعدہ ایسا نہین مقرر کیا کہ موعودہ وقت پر ملک الموت کسی شخص کو اپنی صورت دکھائے اور پھر وہ اسکی روح قبض کرنے سے باز آجائے۔

شاہنشاہ کے قتل ہوتے ہی یونانی فوج بدحواس ہو کر بھاگی شہر کے باشندے اپنے مکانات چھوڑ چھوڑ کر سینٹ صوفیہ کے گرجا مین جمع ہونے لگے اور آسمان سے اس فرشتے کے اترنے کا انتظار کرنے لگے جسکی نسبت انکے کسی مقتدا نے پیشین گوئی کی تھی کہ جب قسطنطنیہ مین عیسائیون کو شکست ہوگی تو شہر کے باشندونکو بجز سینٹ صوفیہ کے اور کہین پناہ نہ ملیگی اسوقت آسمان سے سینٹ صوفیہ کے گنبد پر ایک فرشتہ نازل ہوگا اور اس سے اتر کر عیسائی باشندون کی مدد کر کے انکے دشمنون کو ملک سے باہر کر دیگا۔ مگر بدقسمتی سے اسکا کچھ ظہور نہوا بلکہ بعوض اسکے ترکی فوج کے جہلا جنکو اپنے سلطان سے ہر طرح کی لوٹ کی اجازت حاصل ہو چکی تھی پہلے انھین لوگون پر جھپٹے اور تمام شہر مین ادھم مچا دی۔ ہر طرف لوٹ کھسوٹ جاری ہو گئی۔ بیچارے یونانی جگہہ جگہہ گرفتار ہونے لگے اور لونڈی غلام بنکر ایک دوسرے کے ہاتھ فروخت ہونے لگے۔

جب اسی حالت سے تین روز گذر گئے تو سلطان محمد خان نے شہر مین امن و امان قائم ہونے کا اعلان کیا اور ہر طرف کی فصیلین اور تمام عمارات شاہی کی مرمت اور بعض جگہہ از سر نو تعمیر کا حکم دیا۔ سینٹ صوفیہ[1] کو مسجد قرار دیکے آیندہ جمعہ کی نماز اس مین جا کر ادا کی اور اسکے اخراجات کے لیے بڑی بڑی جاگیرین وقف کر دین۔

سلطان فاتح جسوقت شہر کے اندرونی حصے مین آیا تو اسکو ہر جانب سناٹا نظر آیا اور جب اسکی نگاہ اس محل کی ویرانی پر پڑی جسمین قسطنطین اول سے لیکر اسوقت تک ایک سو باجبروت قیاصرہ فرمانروائی کر چکے تھے تو بصد اندوہ و یاس اسکے منہہ سے بیساختہ یہ شعر نکل گیا۔

پردہ داری مے کند بر قصر قیصر عنکبوت
چغد نوبت می زند بر گنبد افراسیاب

اسکے بعد اسکو قسطنطین یازدہم یعنی آخری وارث تخت کا خیال آگیا اور دریافت کیا کہ اسپر کیا گذری؟ باڈی گارڈ کے دو سپاہیون نے بڑھکر عرض کیا کہ وہ قتل ہو گیا۔ حکم دیا کہ اسکی لاش ڈھونڈھکر لائی جائے۔ چنانچہ کشتون کے انبار مین وہ جوتے پر سنہری عقاب کی تصویر سے پہچانی گئی اور باجازت سلطان بڑے اعزاز کے ساتھ دفن کی گئی۔

سلطان فاتح کو جب ان امور سے فراغت ہو چکی تو اسنے بذریعہ فرمان خاص کے جملہ مفرورین کو انکے وطن کی طرف بلایا اور شہر کے مظلومون کے ساتھ الطاف خسروانہ فرمایا۔ کثیر التعداد عیسائیونکو اپنے سپاہیون سے خرید خرید آزاد کیا اور انکو قسطنطنیہ ہی مین آباد ہونے کا پروانہ دیدیا۔ تمام رعایا مین مشتہر کر دیا کہ مین ہر مذہب اور ملت کے لوگون کو یکسان سمجھونگا اور ہمیشہ انپر شفقت اور مہربانی کی نظر رکھونگا۔ سینٹ صوفیہ کے علاوہ تمام متعدد عمارتین نصاری کو واپس کر دین اور ہر فرقہ کے عیسائیونپر انھین کے مذہب کا بطریق[2] مقرر کیا۔ ہر ایک چرچ کے پادریون کو قانونی پابندی سے مستثنے رکھا۔

---

[1] سینٹ صوفیہ جسکا نقشہ صفحہ ۳۳ پر مندرج ہے ایک وقت مین یونانی بت پرستون کا مندر اور اسکا نام ٹمپل آف وزڈم تھا۔ ایتینا عقل کے دیوتا کی پرستش ہوتی تھی سنہ ۳۳۰ء مین جب کہ قسطنطین اول کی فتح ہوئی تو اسنے شہر کا نام بازنطین سے قسطنطنیہ اور مندر کا نام ٹمپل آف وزڈم سے سینٹ صوفیہ قرار دیا۔ دیوتا پرستی موقوف ہو گئی اور گیارہ سو برس تک تثلیث کی پرستش ہوئی سنہ ۱۴۵۳ء مین گرجا سے مسجد ایاصوفیہ ہو کر صرف ایک خدا کی عبادتگاہ کہلایا۔ سنہ ۵۳۲ء مین عیسائیون نے دس ہزار کاریگر لگا کر اسکو دوبارہ تعمیر کیا تھا۔ اسکا عرض ۲۴۳ فیٹ۔ طول ۲۶۹ فیٹ اور گنبد کا قطر ۱۱۵ فیٹ ہے۔ اسمین مختلف رنگون کے قیمتی سنگ مرمر کے ... ستون ہین اور ۸ ستون سنگ سماق کے ہین جو دنیا مین لاجواب ہین۔ اسکی لاگت ڈیڑھ کرور روپیہ اندازہ کی جاتی ہے۔ محمد خان کے عہد کے سوا سو برس بعد اسمین چار منارے اور اضافہ ہوئے جو آجتک اسکی شان کو رفعت دے رہے ہین۔

[2] اس سے پہلے دستور تھا کہ کسی مذہب کا عیسائی ہو مگر بطریق اسپر یونانی ہی مقرر ہوتا تھا۔

اور ہرمیتیہ ورکو اپنے پیتیتے پر مجاز رکھا۔ مذہبی آزادی کی وجہ سے البانینس بلگیریئنس، اور سرویئنس وغیرہ قومین بخوشی آکر سکونت اختیار کرنے لگین اور انکے ساتھ ہی ہر اطراف سے جوق جوق مسلمان آکر آباد ہونے لگے۔
سلطان فاتح نے اپنی دارالسلطنت ایڈریانوپل سے اس جگہ منتقل کی اسوجہ سے شہر قسطنطینیہ تمام یورپ مین کوئن آف سٹیز اور ساری دنیا مین سلطان البلاد کے لقب سے مشہور ہوگیا۔

جس وقت اس فتح کی خبر عالم مین پھیلی تو شاہان یورپ نے تہنیت اور مبارکباد کے خطوط روانہ کیے اور اسوقت سے بڑے بڑے تاجدار سلطان فاتح سے خوف کھانے لگے۔

فتح کے دوسرے روز سلطان نے شیخ العصر محمد شمس الدین قدس سرہ سے عرض کیا کہ آپ مجکو حضرت ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی تربت پاک کی زیارت کرا دیجیے، شیخ نے مراقبہ کیا، پھر سلطان کو ایک میدان مین لیجا کر کچھ نشانات دکھلائے، جس سے سلطان کے دل کو اسکا پورا اعتقاد ہوگیا، اُسنے فوراً اُس مزار پر ایک گنبد بنوا دیا، اور اُسکے ملحق ایک عظیم الشان جامع مسجد تعمیر کرائی جسکا نام جامع ایوب رکھا مسجد طیار ہونے پر پہلے جمعہ کو سلطان نے جلوس شاہانہ سے اُسمین آکر نماز ادا کی بعد نماز کے شیخ العصر نے تیغ عثمانی سلطان کی کمر مین حمائل کی اور اُسیوقت سے یہ دستور ہوگیا کہ جو سلطان تخت نشین ہوتا ہے وہ اسی جامع مسجد مین جاکے اپنے وقت کے شیخ الاسلام کے ہاتھ سے پہلے تیغ عثمانی کو اپنی کمر مین حمائل کرتا ہے۔

قسطنطینیہ فتح کرنے کے بعد سلطان کو دیگر فتوحات مین کچھ دقتین نہین پڑین۔ اُسنے آہستہ آہستہ چھوٹے چھوٹے مقامات بے تکلف فتح کرنا شروع کر دیے ۸۶۳ھ ۱۴۵۹ء مین ملوپانی سس اور ۸۶۵ھ ۱۴۶۱ء مین طرابزون فتح اور سربیہ اور بوسینیہ کا الحاق ہوگیا۔ مگر ان فتوحات کو دیکھ دیکھ کر گرد و نواح کے حکمرانون مین پھر اندر ہی اندر سازش شروع ہوئی اور عرصے کی خط و کتابت کے بعد ایک جہادی شکل پیدا کر کے اُسی شکست خوردہ ہنی ڈیز کو مخالفت پر آمادہ کیا۔ ۸۶۰ھ ۱۴۵۶ء مین طرفین سے فوجون کا مجمع ہوا اس مرتبہ عیسائیون نے زیادہ ہجوم کیا تھا اس لیے مقام بلگریڈ پر جو جنگ ہوئی اسمین انکا پلہ زبردست رہا۔ جب سلطان فاتح کو ترکون کے قدم لغزش کرتے نظر آئے تو وہ خود آگے بڑھا اُسکے بعد فوج نے بھی اپنا رخ بدلا اور دست بدست جنگ شروع ہوگئی۔ ترکی عیسائی لشکر مین اور عیسائی ترکی لشکر مین گڈمڈ ہوگئے۔ سلطان نے بڑھکر عیسائی افسر فوج کا سر کاٹ لیا ساتھ ہی ایک عیسائی نے سلطان پر اور ایک ترکی نے ہنی ڈیز پر حربہ کیا۔ سلطان کم اور ہنی ڈیز زیادہ زخمی ہوا۔ اُسوقت دونون سے میدان خالی ہو جانے پر جنگ کا خاتمہ ہوگیا۔ سلطان کا زخم اچھا ہونے سے قبل ہی ہنی ڈیز دنیا سے رخصت ہوگیا۔

۸۷۹ھ ۱۴۷۵ء مین کریمیا اور ۸۸۲ھ ۱۴۷۷ء مین البانیہ اور ہرزیگوینیہ فتح ہوگیا۔ اسی سنہ مین ترکی عملداری نے بڑھکر سرزمین وینس کو اپنے احاطے مین کر لیا اور قسمت نے وینیشین لوگون کو وہی وقت پیش کر دیا جس کی حفاظت کے لیے وہ پہلے ہی سے قسطنطینیہ پر بحری و بری فوج سے یونانیون کے مددگار ہوئے تھے۔

اسکے بعد یونان بھی فتح ہوگیا اور ۸۸۶ھ ۱۴۸۱ء مین اسپارٹا تک داخل قلمرو کر لیا گیا۔

جزیرۂ روڈہوس (جسپر عیسائیان بیت المقدس قابض تھے) کے باشندون نے اپنی گورنمنٹ کے ظلم سے تنگ آکر سلطان فاتح کو اُسکے الحاق کرنیکی ترغیب دی۔ ۸۸۵ھ ۱۴۸۰ء مین میسح پاشا مع فوج بحری کے روانہ ہوا۔ چھوٹے چھوٹے گانون فتح کرنیکے بعد خاص شہر کا محاصرہ کیا۔ چار ماہ تک گولہ باری ہوتی رہی آخر ترکی فوج نے کامل فتح حاصل کر لی جسوقت قلعہ پر قبضہ کر کے ترکی سردار نے نشان سلطانی اُڑایا تو ساتھ ہی باواز بلند پکار دیا وہ کہ خبردار کوئی سپاہی رعایا کے اسباب پر ہاتھ نہ ڈالے" منادی کے سنتے ہی جسقدر ترکی سپاہی قلعے کے اندر آچکے تھے وہ توشت پڑ گئے اور باہر سے آنیوالے وہین ٹھٹک کر رہ گئے

سلہ محمد خان سے پہلے جن لوگون نے قسطنطنیہ پر فوجکشی کی اُن کے نام یہ ہین۔
۴۶ھ ۶۶۵ء مین امیر معاویہ رضہ نے ۹۸ھ ۷۱۶ء مین سلیمان بن عبد الملک نے ۱۰۱ھ ۷۱۸ء مین عمر بن عبد العزیز نے۔ ۱۲۱ھ ۷۳۸ء مین ہشام نے۔ ۱۶۹ھ ۷۸۵ء مین مہدی عباسی نے۔ ۱۸۷ھ ۸۰۳ء مین ہارون الرشید نے۔ ۷۹۶ھ ۱۳۹۳ء مین یلدرم بایزید خان نے اور ۸۲۶ھ ۱۴۲۲ء مین سلطان مراد نے۔ اسمین سے کسی نے مصلحتاً محاصرہ اُٹھا لیا، کسی نے صلح کر لی، اور کوئی ناکامیاب رہا۔ آخر مین محمد خان کے ہاتھ سے فتح بھی ہوا اور مسلمانون کی دارالسلطنت بھی قرار پایا۔

اس فتح کے وقت کسی شاعر نے اُسکے حسب حال ایک شعر لکھا ہے

رَامَ اَمْرَ الْفَتْحِ قَوْمٌ اَوَّلُوْنَ
حَازَهَا بِالنَّصْرِ قَوْمٌ اٰخِرُوْنَ

یعنی۔ امر فتح کی آرزو اگلی قومون نے کی + اور فتح کی مراد کو پچھلے پہونچے۔ اسمین لفظ "آخرون" سے مادۂ تاریخ بھی نکلتا ہے جسکے عدد ۸۵۷ ہوتے ہین ۱۲

سلہ ۴۶ھ ۶۶۵ء مین جبکہ امیر معاویہ رضہ کی طرف سے قسطنطنیہ پر فوجکشی ہوئی تھی تو سردار لشکر یزید تھا۔ اس مہم مین اکثر صحابی رسول اللہ بھی شریک تھے۔ قسطنطنیہ مین جنگ کے بعد صلح ہوگئی ہنوز مسلمانون کا لشکر واپس نہ آیا تھا کہ حضرت ایوب انصاری رضہ نے وفات پائی یزید نے قسطنطنیہ مین انکو دفن کیا۔ قیصر روم نے ایک جلسے مین مضحکہ کیا کہ یہ لڑکا (یزید) بالکل نادان ہے اور نہین سمجھتا کہ اُسکے جانے کے بعد عیسائی اس لاش کو کھود کے دریا برد کر دینگے۔ یہ خبر یزید کے گوش زد ہوئی اُس نے جواب دیا کہ قیصر سخت احمق ہے۔ وہ نہین جانتا کہ تمام ملک شام میرے قبضے مین ہے۔ اگر حضرت ایوب رضہ کی قبر کے ساتھ کوئی گستاخی ہوگی تو مین بھی نصرانیون کے اکابرون کی قبرین کھدوا کے انکی خاک کو برباد کر دونگا ۱۲

شہر مین لوٹ مار شروع کردی وزیر اعظم نے روکنا چاہا تو وہ قتل کردیا گیا۔ جم اور بایزید کے حامیون نے اپنے اپنے شاہزادون کے پاس قاصد دوڑائے، بدقسمتی سے جو قاصد جم کو خبر پہونچانے جاتا تھا راہ مین قتل ہوگیا اس لیے بایزید تک خبر پہونچ گئی اور وہ اپنے حریف سے پہلے قسطنطنیہ مین پہونچ کر تخت نشین ہوگیا۔ ایسے موقعون پر ینگچری فوج سلاطین پر اپنا دباؤ ڈالکر خلعت و انعام حاصل کرنے کی ہمیشہ سے عادی رہی تھی ناچار بایزید کو بھی وقت کا خیال کرکے انکو خوش کرنا پڑا عموماً قاعدہ مقرر ہوگیا کہ جب کوئی نیا بادشاہ تخت نشین ہوا تو ینگچری نے سارا خزانہ خالی کرالیا۔

الغرض شاہزادہ جم کو بھی جس وقت بایزید کی تخت نشینی کی خبر پہونچی وہ فوراً مخالفت پر آمادہ ہوا اور بایزید کو لکھا کہ "یورپ کی حکومت تم لو ورایشیا کی حکومت میرے سپرد کردو"۔ بایزید نے جواب دیا کہ "سلطنت ایسی دولہن نہین جسکے دو خاوند ہوسکین"۔ یہ سنکر جم حملہ آور ہوا اور شہر بروصہ پر دونون لشکرون مین بڑی جنگ ہوئی۔ ۸۸۶ھ (۱۴۸۱ء) کو شاہزادہ جم شکست کھاکر بھاگا اور مصر مین پناہ گزین ہوا۔ ایک برس کے بعد سلطان مصر کی مدد سے بایزید پر فوجکشی کی مگر اس مرتبہ بھی شکست کھائی جم کے ساتھ صرف تین آدمی رہگئے جنکو لیکر وہ جزیرہ رہوڈس مین چلا گیا۔ حاکم جزیرہ ڈی آبسن نے شاہزادے کو ایک سونے کی چڑیا سمجھ کر پہلے تو نظربند کرلیا اور پھر اطمینان سے قید رکھنے کے لیے اُسکو فرانس بھیجدیا۔ اسوقت جم کی مان، بی بی اور بچے قاہرہ مین تھے اس لیے ڈی آبسن نے اِدھر اُسکی مان کو لکھا کہ اگر بیس ہزار ڈیوکٹ[۱] بھیج دو تو شاہزادے کو ہم آسانی سے تمھارے پاس بھیجدین اور اُدھر سلطان بایزید کو لکھا کہ اگر پینتالیس ہزار ڈیوکٹ سالانہ مجکو ملا کرے تو مین جم کو ہمیشہ قید مین رکھ سکتا ہون۔ غرضکہ ڈی آبسن نے اِس طرح دونون کو فریب دیکر ایک رقم کثیر حاصل کرلی۔

فرانس مین پہونچکر شاہزادہ جم نے اپنی رہائی کی بہت کچھ تدبیرین کین لیکن حاکم فرانس بھی اُسکی آڑ سے سلطنت ترک سے ناجائز فائدہ اُٹھانے کے لالچ مین اُسکی طرح اُسکی رہائی پر آمادہ نہوا۔ فرانس مین شاہزادہ کی حراست کی خبر سنکر روما کے پوپ کی رال ٹپکی۔ اُسنے اپنے فائدے کی یون صورت نکالی کہ ۸۹۴ھ (۱۴۸۹ء) مین شاہزادے کو حاکم فرانس سے اپنی حفاظت مین لے لیا۔ اور ایک ہزار پونڈ کی ضمانت اِس بات کی داخل کی کہ اگر شاہزادہ کسی بادشاہ کی سپردگی مین دیدیا جائے تو پوپ کی ضمانت ضبط ہوجائے۔ غرضکہ شاہزادہ دو قطاع سے چھوٹ کر تیسرے حریف کے پنجے مین گرفتار ہوا۔ جب شاہزادہ پوپ کے روبرو پیش کیا گیا تو حاضرین نے اُسکو جھکنے کا اشارہ کیا مگر باوجود اِس مجبورانہ حالت کے نہ شاہزادے نے تعظیم کے لیے گردن جھکائی اور نہ سلام کے لیے ہاتھ اُٹھایا سیدھا پوپ کے قریب چلا گیا۔ کچھ عرصے کے بعد تخلیہ ہوا تو شاہزادے نے اپنی تمام سرگذشت جسمین عیسائیون سے مدد مانگنا، اُنکا دغا بازی اور بدسلوکی سے پیش آنا، اپنی لامحدود مصیبتون کی برداشت اور اہل وعیال کی مفارقت، ایسے دردانگیز لہجے مین بیان کی جس سے بظاہر معلوم ہونے لگا کہ پوپ کے دل پر بہت ہی اثر ہوا مگر پوپ نے جو اسکا تشفی آمیز جواب دیا اُسمین یہ بھی فقرہ تھا کہ "تمھارے لیے بہتر ہوگا اگر عیسائی مذہب اختیار کرلو"۔ شاہزادے نے افروختہ ہوکر کہا کہ عثمانی سلطنت تو کیا چیز ہے اگر تمام دنیا کی حکومت مجکو ملجائے تو بھی مین اسلام سے روگردان نہین ہوسکتا۔ پوپ نے بات کو ٹال کے شاہزادے کو اپنے روبرو سے رخصت کیا۔ اور اُسوقت سے تین برس تک شاہزادہ جم پوپ کی قید مین رہا۔ اِس عرصے مین اِنوسینٹ پوپ نے انتقال کیا اور دوسرا اُسکا جانشین ہوا۔ چونکہ یہ اپنے مورث سے زیادہ مکار تھا اِس لیے اُسنے سب سے پہلے سلطان بایزید سے شاہزادہ جم کے متعلق خط کتابت شروع کی۔ اور بالآخر ایک بڑے صلے کی امید پر ۹۰۱ھ (۱۴۹۵ء) مین بیگناہ قیدی کو زہر[۱] پلا کر ختم کردیا۔ مرنے سے کچھ پیشتر شاہزادے کی یہ دعا تھی کہ "بارالہا! اگر دشمنان مذہب حقہ میرے ذریعے سے پیروان اسلام کو کسی طرح کے ضرر پہونچانے کی کوشش کرنا چاہتے ہون تو تو مجکو دنیا سے آج ہی اُٹھالے"۔ یہ شاہزادہ تیرہ[۱۳] برس تک مختلف قیدخانون مین زندگی بسر کرنے کے بعد بہزار مصیبت اِس دار ناپائدار سے انتقال کرگیا۔ جب پوپ نے اُسکی وفات کی خبر قسطنطنیہ بھیجی تو سلطان نے اپنے سفیر متعینہ روما کی معرفت اُسکی لاش کو منگوالیا اور نہایت تزک و احتشام سے شہر بروصہ کے شاہی قبرستان مین دفن کرایا۔

محمد خان مرحوم کی فتوحات اُسکی آخر عمر تک اطالیہ (اٹلی) کے صدر مقام

---

[۱] ڈیوکٹ ایک طلائی سکہ تھا جسکی قیمت ۹ شلنگ کے برابر ہوتی تھی اور اسکا نصف نقرئی ہوتا تھا کی قیمت ۴۰ شلنگ ہوتی تھی ۱۲

[۱] یورپ مین ایشیا کی طرح کسی شخص کو وحشیانہ طور پر زہر دے کر ایک ہی وقت مین ہلاک نہین کیا جاتا ہے بلکہ وہان یہ فعل بھی ایک مہذب طریقے سے ہوتا ہے یعنی جس شخص کو زہر دینا منظور ہوتا ہے اُسکے کھانے یا پینے مین ایسی خفیف مقدار سے زہر کی آمیزش کرتے ہین جس سے ذائقہ مین تبدیلی محسوس نہین ہونے پاتی مگر وہ شخص آہستہ آہستہ گھُل گھُل کر ایک روز فنا ہوجاتا ہے۔ کسی نے سچ کہا ہے کہ ع

عیب بھی کرنے کو ہنر چاہیے۔

یعنی اوٹرانٹو تک پہونچ گئی تھیں، اگر اسوقت اُسکا جانشین بھی ویسا ہی دلیر اور باہمت ہوتا تو پوری سلطنت کے الحاق ہو جانے میں کوئی کسر باقی نہ رہجاتی مگر ہونے والی باتون کو بجز عالم الغیب کے کوئی دوسرا نہیں جانسکتا، بایزید کے وقت مین شاہ نیپلز (جنوبی اطالیہ کے حکمران) کی مدد کو شاہان ہنگری، ہسپانیہ اور پرتگال آمادہ ہو گئے اور اپنی متفقہ قوت کے ساتھ اوٹرانٹو کا محاصرہ کرلیا۔ مگر جب بایزید کی طرف سے کسی قسم کی مزید کمک نہ پہونچ سکی تو مجبوراً ۸۸۶ھ ۱۴۸۱ء مین محصور ترکون نے امان کے وعدے پر عیسائیون کے سامنے ہتھیار رکھدیے مگر اُنھون نے وعدہ خلافی کرکے سب ترکون کو قتل کردیا۔

بایزید اگر سلطانِ فاتح کا پورا جانشین ہوتا تو ضرور اِس ظالمانہ کارروائی کا بدلہ لیتا، لیکن کچھ تو وہ کمزور طبیعت کی وجہ سے اور کچھ بھائیون کی خانہ جنگیون کے سبب سے جرأت نہ کرسکا، اور سرزمین اطالیہ کا ایک بڑا حصہ قبضے مین آیا ہوا ہمیشہ کے لیے ہاتھ سے کھو کر بیٹھ رہا۔

بدقسمتی سے اِسی کے عہد مین ایران کے تخت پر خاندان صفویہ کے ہیرو شاہ اسمٰعیل صفوی نے جلوس کیا جسنے اپنی بہادری اور اولوالعزمی سے مٹی ہوئی سلطنت کو اُسکے ابتدائی عروج پر پہونچانے کا مصمم ارادہ کرلیا تھا۔ سلطان بایزید کے صلح جو ہونے کی خبر عالم مین مشتہر ہوچکی تھی اسلیے شاہ اسمٰعیل کو بھی موقع ملا اور اُسنے ایشیاے کوچک کے کئی مقام جو ایران سے ملحق تھے چپکے سے دبا لیے۔ بایزید کو خانہ جنگیون نے اتنی مہلت نہ دی کہ وہ اِسکی تلافی کرتا۔

۸۹۰ھ ۱۴۸۵ء مین سلطان مصر نے جو اُس وقت مملوک کے لقب سے پکارا جاتا تھا ایشیاے کوچک کے بعض جنوبی مقامات پر حملہ کردیا اور بعد متواتر لڑائیون کے بہت سا حصہ مصریون نے فتح کرلیا۔ آخر کو صلح ہوگئی مگر تین قلعے جو سرحدِ شام پر مصریون نے ترکون سے لے لیے تھے وہ شرائط نامۂ صلح مین بھی مصریون ہی کے قبضے مین رہے۔ بایزید نے اپنے نزدیک اِس خفت کو یون مٹایا کہ وہ تینون قلعے حرمین شریفین کی خدمتگذاری کے واسطے وقف کردیے گئے ہین اور آیندہ سے سلطنتِ ترک کی جانب سے اُنکے متولی سلاطینِ مصر قرار پاتے۔

بایزید کے وقت مین بمقابلہ فوج بری کے فوج بحری کو البتہ ترقی ہوئی اور اُسکا باعث ایک غلام "کمال" نامے تھا جو امیر البحر کے درجے تک پہونچگیا تھا۔ اُسکو اپنی بحری قوت کو ترقی دینے اور جنگی جہازون کو مناسب طور پر کام مین لانے کا فطرۃً ایسا کمال تھا جس سے اُسوقت یورپ کی تمام طاقتین خوف کھاتی تھین۔ سلاطین غرناطہ نے جب اپنے خاتمے کے وقت ترکون سے مدد طلب کی تو یہی امیرالبحر ایک بیڑہ جہاز کا لیکر ساحل ہسپانیہ پر پہونچا تھا۔ اگر بایزید کوئی ذی حوصلہ شخص ہوتا اور اِس نازک وقت مین سلاطین غرناطہ کی پوری مدد کرتا تو عیسائیانِ ہسپانیہ کو اُن پر فتح پانا اور مسلمانون کا اُس سرزمین سے ہمیشہ کے لیے نکلنا دشوار ہوجاتا۔ مگر چونکہ اُسکا ہر کام بے توجہی سے ہوتا تھا اسلیے اُسکی مدد مسلمانانِ غرناطہ کے لیے کافی نہوسکی۔

بایزید کی بحری فتوحات اہلِ وینشیا، جزیرہ اسپنزا اور شہر لیپنٹو وغیرہ پر ہوئین تاہم سلطنت کی وقعت کے برابر بحرِ روم مین اُسکا اقتدار تسلیم نہین کیا گیا۔

اُسکی سلطنت کا جس طرح خانہ جنگی سے آغاز ہوا اُسکا انجام بھی خانہ جنگی ہی پر ہوا۔ بایزید کا ارادہ اپنے منجھلے بیٹے کو جانشین کرنے کا ہوا جسکو سنکر بڑے بیٹے نے بغاوت کردی اُدھر دونون بھائی اپنی اپنی قسمت کے فیصلے مین لگے رہے اِدھر چھوٹے بیٹے سلیم نے (جو طرابزون کا گورنر تھا) ایڈریانوپل مین آکر پہلے فوج سلطانی کو گانٹھا اور بعد مین قسطنطنیہ پہونچکر تخت پر قابض ہوگیا۔ بایزید نے کچھ تو گھٹتے ہوئے سردارون کے سمجھانے اور کچھ دل کے بودے ہونے سے بلا مزاحمت سلیم کی سلطنت کو تسلیم کرلیا اور آپ صوبۂ رومیلیا کے ایک دلفزا مقام ڈیموٹیکا مین بقیہ عمر بسر کرنے کے لیے قسطنطنیہ سے روانہ ہوا، راہ مین نقرس کا عارضہ پیدا ہوگیا۔ انیس ۹ صفر المظفر مطابق چھبیس ۲۶ اپریل ۹۱۸ھ ۱۵۱۲ء مین بتیس ۳۲ سال سلطنت کرنے کے بعد سرسٹھ ۶۷ برس کی عمر مین انتقال کرگیا۔

یہ بادشاہ لطیف، ظریف، شاعر اور صوفی مشرب تھا۔ جوانی مین میخوار اور پیری مین عابد و پرہیزگار ہوگیا تھا۔ دل، طبیعت اور خیالات مین کمزور تھا۔ اِسکے عہد مین جسقدر لڑائیان شکست ہوئین اُنمین پورا نقصان ہوا اور جنمین فتح ہوئی اُسکا فائدہ معتدبہ نہوا۔ کیونکہ امن و امان کا زیادہ خواہان تھا مگر بزدلی کے ساتھ۔ اور جنگ و جدال سے بچنے والا تھا مگر بے مصلحتی کے ساتھ۔ وہ بادشاہ صرف اِسی قدر تھا کہ محمد خان فاتح کا بیٹا تھا۔ قسطنطنیہ مین پہلے روس کی سفارت اِسی کے عہد مین قائم ہوئی اور جب وہ سفیر اپنے ملک کو واپس گیا تو اِس سلطنت کیطرف سے عمدہ خیالات لے گیا۔ بایزید کے وقت مین حرمین شریفین کو زرِ کثیر ہر سال اِسقدر روانہ ہوتا تھا کہ اِس سے پہلے نہین روانہ ہوا۔ یہ بادشاہ اپنی غیر مستقل اور درویشانہ طبیعت کی وجہ سے تمام سلاطینِ یورپ کے حق مین رحمت الٰہی ہوگیا تھا۔

قیافہ


علم فرنیالوجی
یعنی دماغی تحقیقات
نمبر ۵

ہم سالگذشتہ کی جنتری مین دماغ کے باب اوّل کے خانے نمبر (۱) سے (۶) تک بالتفصیل دکھا چکے ہین، امسال باب دوم کے خانے نمبر (۷) سے (۱۲) تک درج کیے جاتے ہین۔

باب دوم
خودغرضانہ رغبتین

اسمین مندرجۂ ذیل چھہ خانے شامل ہین جنکے نام یہ ہین (۷) تمنا۔ (۸) مقاومت۔ (۹) غضب۔ (۱۰) مزہ۔ (۱۱) امساک۔ (۱۲) اخفا۔

ان تمام رغبتون کا مقصد حفاظت خوداختیاری کرنا۔ اور زندگی کا برقرار رکھنا ہے۔ اُنکے افعال کی ابتدا اور انتہا لازمی ہے جو خود ہی انسان پر ختم ہو جاتی ہے۔ البتہ ایک استعداد جسوقت اپنا کام کرتی ہے تو دوسری استعداد اسکی مدد پر آجاتی ہے۔ مثلاً فیاضی کی قوت دیکھ رہی ہو کہ ایک کمزور پر سنگدلی کا برتاؤ ہو رہا ہے تو اُسوقت اُسکی قوت مقاومت فوراً مدد کے لیے پہونچیگی۔ یا کسی ایسے شخص پر جسکو ہمسے محبت یا الفت ہے کسی دوسرے شخص کا حملہ ہو تو یہی قوت مقاومت اُس سے انتقام لینے پر آمادہ ہو جائیگی۔ یا جب کانشنس پر کسی بے انصافی کی وجہ سے ظلم ہو جائے تو یہی قوت مقاومت مجرم کو سزا دینے کیلیے زور پکڑے گی۔ علاوہ اسکے اِس باب کی تمام رغبتین انسان کی جسمانی خواہشون اور خود حفاظتی کے اسباب مہیا کرتی ہین جب یہ رغبتین انسان مین قوی ہوتی ہین تو اُسکا سر سامنے کے رخ دیکھنے سے کانون کی جانب چوڑا، گول اور ابھرا ہوا نظر آتا ہے اور جنمین یہ رغبتین کمزور ہوتی ہین اُنکے کانون کے اوپر چوڑان نہین ہوتا اور سامنے سے یا گدّی کی جانب سے دیکھنے سے اُنکی کنپٹیان چپٹی معلوم ہوتی ہین نیز جتنا فاصلہ قوی رغبت والے انسان کے ایک کان سے دوسرے کان تک ہوتا ہے کمزور رغبت والے انسان کے ایک کان سے دوسرے کان تک نہین ہوتا اس لیے قوی رغبت والے انسان کا چہرہ چوڑا اور کمزور رغبت والے انسان کا چہرہ لانبا ہوتا ہے۔ ہم ذیل مین دونون سرون کے کاسہ دماغ کا اپنے ناظرین کو معائنہ کراتے ہین۔



(۷) تمنا
یعنی زندگی بڑھنے کی خواہش

یہ خانہ انسان کی کنپٹی سے پیچھے ذرا گدّی کی طرف ہٹا ہوا واقع ہے جس شخص کی یہ جگہہ شہزور اور اُبھری ہو اُسکی نسبت ازروی قاعدہ فرنیالوجی کہا جائیگا کہ اُسکو زندگی کی خواہش اور اور موت کا خوف زیادہ ہے۔ ایسا شخص ہر بیماری کے دفیعے کی سرتوڑ کوشش کرنیوالا ہوتا ہے جانورون مین بھی جنکے سر چوڑے ہوتے ہین اکثر دیکھا گیا ہے یہ قوت اُنمین زیادہ ہوتی ہے جیسے پرندون مین کوا، گدھ اور عقاب وغیرہ۔ اور چوپایون مین شیر، چیتا اور بلّی وغیرہ۔ یہ سب جانور اپنی حفاظت کرنیوالے

اور دوسرون کی جان لینے والے ہین - بخلاف اِنکے وہ جانور جنکے سر تنگ ہوتے ہین مذکورہ بالا جانورون سے دوسری قسم کے کہلاتے ہین - اِن مین خود حفاظتی کی قوّت کمزور ہوتی ہے - جیسے پرندون مین سارس ، طاؤس اور بگلا وغیرہ - اور چوپایون مین خرگوش ، بھیڑ اور بکری وغیرہ - اِن جانورون کو اگرچہ جان عزیز ہوتی ہے تاہم وقت پر آسانی سے مرجاتے ہین -

یہی حال انسان کا ہے کہ جس مین یہ خانہ بڑا ہوتا ہے وہ جان کی حفاظت کے بہت سے سامان مُہیّا کیا کرتا ہے وہ ادنیٰ ادنیٰ بیماریون مین بڑی سرگرمی سے علاج کرتا ہے اور زندگی کی سلامتی مین کوئی حصہ تدبیر کا فروگذاشت نہین ہونے دیتا ہے - بخلاف اِسکے جس مین یہ قوت کمزور ہوتی ہے وہ مرنے کے مقابلے مین بہت کم حیلہ جوئی کرتا ہے - اِس قسم کے لوگ انگلستان مین زیادہ پائے جاتے ہین جو خانگی بے اعتدالیون کی وجہ سے خودکشی کرلیا کرتے ہین -

(۸) مقاومت

یعنی حملہ روکنے کی قوّت

یہ آلہ انسان کی کنپٹی سے پیچھے اور آلہ تمنّا کے اوپر واقع ہوا ہے -




جس شخص مین یہ استعداد زیادہ ہے اُس مین رکاوٹ ، جُرأت اور مقابلے کی ہمّت زیادہ ہوتی ہے وہ اپنی طاقت سے زیادہ کام انجام دینے مین جب تردد مشغول ہوجاتا ہے - بڑے سے بڑا بوجھ بلا کسی پس و پیش کے اٹھا لیتا ہے - رذیل عورتون مین یہ استعداد کثرت سے پائی جاتی ہے - وہ جس قدر کام صبح سے شام تک استقلال سے کرتی ہین وہ اُنکے ظاہری قوے سے بہت زیادہ ہوتا ہے - اور جس وقت وہ اپنے مردون کے ہاتھ سے مار کھاتی ہین تو دیکھنے والون کو اُنکے چھوٹی مقدار اور مختصر وزن کے جسمون کو ایسی ایسی شدید ضربون کی برداشت کرنے پر سخت تعجب ہوتا ہے - حالانکہ مار کھانے والیان اُسکو استقلال سے قبول کرتی ہین اور حتی الامکان اُسی ہٹ پہ قائم رہتی ہین جسکی وجہ سے یہ نوبت پہونچتی ہے -

جن لوگون کو مرغ بازی سے شوق ہے وہ جان سکتے ہین کہ ایک چھوٹا سا اصیل مرغ اپنے بڑے حریف کے مقابلے سے نہین ہٹتا یہان تک کہ مار کھاتے کھاتے مرجاتا ہے - اِسی طرح جن آدمیون مین یہ قوّت زوردار ہوتی ہے وہ کسی مصیبت مین پڑجانے سے ہراسان نہین ہوتے - دنیا مین جو بڑے بڑے مصلح اور ریفارمر گذرے ہین اگر اُنہین خدا نے یہ قوت زوردار نہ بخشی ہوتی تو نہ وہ اپنے استقلال پر قائم رہ سکتے اور نہ اپنے اہم مقاصد مین کامیاب ہوسکتے -


(۹) غضب

یعنی حملے کے دفعیہ کی قوّت

یہ قوت کان کے اوپر واقع ہے اور تمام گوشت خوار جانورون مین



قوّت غضب کمزور



قوّت غضب بہت زور

عموماً شہ زور پائی جاتی ہے اور انسان مین اس قوّت کی نمائش پشت کی جانب سے بخوبی ہوتی ہے - جن جانورون مین یہ قوت پائی جاتی ہے اُنہین سب سے زیادہ ممتاز وہ کتّا ہے جسکو عرب کے بدو پرورش کرتے ہین تمام دیگر درندے جو بڑے بہادر سمجھے جاتے ہین اُنکا مقابلہ اپنے برابر والے اور ہم طاقت والے جانور تک محدود ہے حتیٰ کہ شیر جو تمام چوپایون اور درندون سے قوی ہے بعض وقت بنگال کے چیتے سے جو اپنی جنس مین بہت قوی ہے دُم دبا جاتا ہے - مگر یہ تازی کتّا صرف اپنے مالک کے اشارے کا محتاج ہے اُسکو آدمی ، شیر ، بھیڑیے ، ریچھ اور بیل وغیرہ پر جھپٹا دو وہ بلا خیال مقدار جسمانی اور بغیر اندازہ طاقت کے بے تکلف اپنے شکار پر جا پہونچیگا - ایک مرتبہ کسی امیر نے جب کہ وہ ٹمٹم پر سوار جا رہا تھا کسی کتّے کو چابک مار دیا - کتّا اُسکی جانب جھپٹا مگر اُچکتے وقت اُسکی فطرت نے اُسکو گاڑی کی بلندی تک نہ پہونچنے دیا - ناچار اُسنے پہیے کے آرون کو دانت سے مضبوط پکڑ لیا دوڑتی ہوئی گاڑی مین جب نیچے کے آرے اوپر اور اوپر کے نیچے آتے تھے تو کتّا کبھی زمین سے آسمان کی طرف اور آسمان سے زمین کی طرف آتا جاتا تھا وہ چکّی کی ہتھی کی طرح ایک میل تک پہیے مین چکر کھاتا ہوا چلا گیا صرف اِس خیال مین کہ وہ اپنے زعم مین اپنے دشمن سے اُسکے چابک کا بدلا لے رہا ہے -


جن لوگون مین یہ قوّت زوردار ہوتی ہے وہ بھی اُسی کتّے کی طرح

اپنے دشمن سے انتقام لینے کے درپے رہتے ہین وہ مرتے وقت اپنے دشمن کی اپنی اولاد سے شناسائی کراجاتے ہین یعنی حتی الامکان اُس سے انتقام لینے کی وصیت کرجاتے ہین۔ اُنکے روزمرہ کے معمولی کامون مین سختی اور جھڑکاپن پایاجاتا ہے عام اِس سے کہ وہ بستر جھاڑین یاکمرہ صاف کرین ایسے لوگ کُلھاڑی اور ہتوڑے کے استعمال کو زیادہ پسند کرتے ہین اُنکے ہاتھون سے برتن زیادہ ٹوٹتے ہین۔ جب مکان کی کُنڈی لگاتے ہین تو اُنکے ہاتھ سے زیادہ آواز پیدا ہوتی ہے۔ کسی چیز مین گرہ لگاتے ہین تو بہت سخت ہوتی ہے۔ اگر کپڑا سیتے ہین تو سیون نہایت مضبوط ہوتی ہے۔ جراحی اور دانت بنانے کے کام کو خوب انجام دیتے ہین اس لیے کہ ظاہری رحم کی جگہ اُنکو کمتر رحم آتا ہے۔ ایسے اشخاص کو اگر کوئی شخص گوشت خواری سے منع کرکے ویجی ٹیرین یعنی غیر گوشت خوار بنانا چاہے تو وہ ہرگز قبول نہ کرینگے اِس لیے کہ اُنکی فطرت گوشتخواری ہی کی مقتضی ہے۔

(۱۰) ھرزہ

یعنی عمدہ غذاؤن کی خواہش

یہ آلہ کان کے آگے ٹھیک کنپٹی پر واقع ہے۔ جن لوگون کا یہ حصہ




قوی یعنی اُبھرا ہوتا ہے اُنکو اکل وشرب کا ذائقہ بہ نسبت دیگر انسان کے زیادہ پسندیدہ ہوتا ہے اُن کا ہاضمہ تیز ہوتا ہے، جسمانی قوت زیادہ ہوتی ہے بظاہر گردن بھری ہوئی اور پُرگوشت ہوتی ہے اُنکو کھانا پکانے یا پکوانے کا بڑا شوق ہوتا ہے۔ اگر زمانہ ناموافق ہوجاتا ہے تو ایسے لوگ ہوٹل کی ملازمت یا باورچی یا حلوائی وغیرہ کا پیشہ اختیار کرتے ہین۔ جن لوگون مین یہ قوت قوی ہوتی ہے وہ مہمان نواز ہوتے ہین۔ خود بھی عمدہ کھانون کے شائق ہوتے ہین اور اپنے جانورون کو بھی سیر ہو کر کھلاتے ہین۔ کھانے کی چیزون کو فراط کے ساتھ مہیا کرتے ہین۔ اُنکی فصل کا ذخیرہ بازار مین بہت کم فروخت ہوتا ہے وہ غلّہ کو اپنے خاندان کے لیے اور چارے کو اپنے مویشیون کے لیے بافراط جمع رکھتے ہین۔ اُنکی قوت ذائقہ نہایت تیز ہوتی ہے۔ گھی، دودھ، دہی، پنیر وغیرہ کا ذائقہ چکھ کر اپنا بتاتے ہین جس سے اُسکی بُرائی بھلائی کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ اُنکے دسترخوان پر کثرت سے مختلف قسم

کے کھانے چُنے جاتے ہین وہ ہر وقت کھانے کے وقت کے منتظر رہتے ہین۔

(۱۱) امساک

یعنی ہر چیز کے جمع کرنے کی خواہش

امساک کے معنی عرفی طور پر بخل کے ہین مگر اِس جگہ بخل ہی تک محدود نہین رہ سکتے یہان اُسکے یہ معنی لیے



جایئن گے جس سے انسان پیشبندی و پیش بینی کے خیال سے دولت یا دیگر قسم کی ضروری اشیاء کو آیندہ استعمال کے لیے جمع کرتا ہے۔ اب عام اِس سے کہ وہ اُس جمع شدہ اشیاء کو خست کے ساتھ برباد ہوجانے تک جمع رکھتا ہو یا ضرورت کے وقت مناسب طور سے مصرف مین لاتا ہو۔ اِسلیے صرف کرنے اور نہ کرنے کی بحث سے قطع نظر کرکے پہلا حصہ جو جمع کرنیکے متعلق ہے اُسکا بیان کیا جاتا ہے۔

جمع کرنے کی قوت شہد کی مکھی مین ہے اور معمولی مکھی مین نہین ہے پس اوّل الذکر کے گھر مین ہر وقت کھانے کا ذخیرہ جمع رہتا ہے اور آخر الذکر کے پاس نہ ذخیرہ ہے اور نہ گھر۔ اسی طرح قوت امساکیہ گلہری مین ہے اور مرغ مین نہین ہے۔ گلہری جہان دانہ پائیگی وہان اُس وقت بھی کھائیگی اور دوسرے وقت کھانے کے لیے گھونسلے مین بھی لیجائیگی بخلاف مرغ کے کہ وہین کھائیگا اور کھلادیگا۔ نہ اپنے ساتھ کوئی دانہ لیجائیگا اور نہ دوسرے وقت کی بھوک کا خیال کریگا۔

انسان مین یہ قوت امساکیہ تین طرح پر واقع ہوئی ہے، بعض مین خست کے ساتھ، بعض مین لیاقت کے ساتھ، اور بعض مین نالائقی کے ساتھ، پہلا انسان جس مین یہ قوت خست کے ساتھ ہے اُسکی مثال لومڑی کی ہے، اُسکو اپنا یا کسی شیر کا مارا ہوا شکار جب ہاتھ آتا ہے تو تھوڑا سا اُس مین سے کھالیتی ہے باقی اور جانورون سے بچا کے دوسرے وقت کے کھانے کے لیے زمین مین دفن کردیتی ہے۔ یہ دفینہ بسا اوقات سڑ جاتا ہے، پھر نہ اُسکے کام کا رہتا ہے اور نہ دوسرون کے کام کا۔ یہی حال اُس خسیس کا ہے جو بطمع کا سرمایہ جمع کرتا جاتا ہے مگر موقع ومحل پر صرف کرنے سے اُسکا دل کڑھتا ہے یہانتک کہ وہ سب برباد ہوجاتا ہے۔ اُسکو اپنی جمع شدہ اشیاء کا صرف کرنا صدمہ

غصے سے زیادہ دہشتناک نظر آتا ہے۔ دوسرا انسان جسمین یہ قوت لیاقت کے ساتھ ہے
اُسکی مثال شہد کی مکھی کی ہے۔ کہ ایک وقت وہ اپنا سرمایہ جمع کرتی ہے
اور دوسرے وقت اپنے خاندان کے ساتھ مناسب طور پر صرف مین لاتی ہے
یہی حال لائق انسان کا ہوتا ہے جو اپنی جوانی اور تندرستی کی کمائی کو
صرف بڑھاپے اور علالت مین صرف کرتا ہے بلکہ اور بھی ضعیفون اور
ناتوانون حتےٰ کہ آئندہ نسلون تک کی اُس سے مدد کرجاتا ہے۔ تیسرا
انسان جسمین یہ قوت نالائقی کے ساتھ ہے اُسکی مثال بلی کی ہے کہ وہ
ہروقت اس تاک مین رہتی ہے کہ گھر والے اندھے ہو جائین اور
وہ سب کھانا کھا جائے۔ یہی حال نالائق انسان کا ہوتا ہے کہ اُسکی
قوتِ امساکیہ دولت حاصل کرنا چاہتی ہے مگر چونکہ اُسکو اسکی لیاقت
نہین ہے اس لیے کبھی وہ اپنے ہمسایہ کا مال تاکتا ہے اور کبھی چوری اور
ڈاکہ زنی کا مرتکب ہوتا ہے۔

یہ قوتِ امساکیہ منطقۂ حارہ کے رہنے والون سے منطقۂ باردہ کے
لوگون مین زیادہ ہوتی ہے کیونکہ خطِ استوا سے جس قدر شمالی حصۂ دنیا کے
بڑھتے جاؤ اُسی قدر انسانی ضروریات مثل کھانے، کپڑے اور سخت
جاڑے کی حفاظت کے سامان بہت زیادتی کے ساتھ کرنے پڑتے ہین
اسلیے جب تک ایسے شخصون کے پاس بکثرت دولت اور دیگر سامان کی
ضرورت کے موافق فراہمی نہ ہو تو اُنکو زندگی بسر کرنا دشوار ہو جاتی
ہے۔ یہ قوت زیادہ تر دولتمندون مین پائی جاتی ہے۔ دولت جمع
کرتے کرتے خود بخود ایک ایسی عادت ہو جاتی ہے جو بلا خیال اسکے
کہ یہ دولت کس مصرف مین آئیگی، اوسکی روز افزون ترقی پر اُسکے جمع
کرنے والے کو لاثانی مسرت ہوتی ہے۔ بخلاف اسکے جسوقت اُسکے
خرچ کرنے کا کوئی موقع آتا ہے تو گو وہ کیسا ہی ضروری اور جائز ہو مگر
اُسکو بے انتہا کوفت ہوتی ہے۔


ہندوستان مین جو لوگ مہاجنی کا پیشہ کرتے ہین اُنمین یہ قوت
نسلاً بعد نسلٍ بڑھتے بڑھتے اس قدر پختہ ہو جاتی ہے کہ خرچ کرنے کا مادہ
مطلق باقی نہین رہتا وہ صبح سے شام تک روپیہ پیدا کرنے کے سوا
طبیعت مین اور کوئی مذاق نہین رکھتے۔ ایسے لوگون کے گھر سے جب
کبھی روپیہ برآمد ہوتا ہے تو منے سکے کا معلوم ہوتا ہے۔ حالانکہ بازار
مین اُسکے ساتھ کا سکہ یا تو پرانا ہو کر گھس چکا ہوتا ہے یا اُسکا چلن
صدیون سے اُٹھ گیا ہوتا ہے۔

دنیا مین وہ انسان قابلِ عزت اور قابلِ تقلید ہو سکتا ہے
جو دولت کو بطورِ احسن جمع کرنا جانتا ہو اور اُسکے صرف کرنے کے
مواقع بھی بخوبی پہچانتا ہو۔

(۱۲) اخفا

اپنے دلی خیالات کی رازداری پر مبنی

یہ آلہ انسان کے کان کے اوپر خانۂ غضب سے بلند اور خانۂ ہوشیاری
سے نیچے کی جانب واقع ہے جس



شخص کا یہ آلہ قوی ہوتا ہے
اُسکی کنپٹی کا درمیانی حصّہ
ابھرا معلوم ہوتا ہے۔
اس قوت کا یہ مقصد ہے
کہ وہ ضرورت کے وقت
اپنی مخالف قوتون کو
دبا لیا کرے اور منشای دلی
کو یا تو کلیتہً چھپائے یا
ظاہر کرے تو صحیح
طور پر نہ ظاہر کرے
عام جانورون مین
بکری سے لے کر شیر ببر تک جس قدر درندے یا شکاری جانور ہین سب مین
یہ قوت ہوتی ہے۔ یہ جانور شکار کرتے وقت اپنے کو چھپا کر صبر کے ساتھ
تاک لگائے بیٹھے رہتے ہین اور جبکہ اُنکا شکار اُنکی زد پر آجاتا ہے
تو وہ سُرعت کے ساتھ جست کرتے ہین اور قبل اسکے کہ شکار اپنے
دشمن کی موجودگی سے آگاہ ہو ۔ اپنے تئین اُنکے پنجے مین گرفتار
پاتا ہے۔ دیگر حیوان جو شکاری نہین ہین اُنمین بھی قوتِ اخفا ہوتی
ہے مگر اُسی قدر کہ بعض وقت دشمن کی جھپیٹ سے بچ سکین۔ کیونکہ
اُنکی خوراک اُن سے بھاگتی نہین ہے اس لیے اُنکو اس قوت کے
استعمال کا زیادہ موقع نہین ملتا۔ جس انسان مین یہ قوت شہزور ہوتی ہے
اُسکی حرکات لومڑی اور بلی سے مشابہ ہوتی ہین۔ اُسکا ہر کام معمولی ہوتا
مگر چالاکی سے خالی نہین ہوتا۔ اُسکی ہر بات صاف دلی پر دلالت کرتی
ہے مگر اُسمین کوئی نہ کوئی فریب پوشیدہ ہوتا ہے۔ وہ اپنی زبان سے
نہایت صاف الفاظ ادا کرتا ہے مگر کسی نہ کسی لفظ کو مبہم کرکے آئندہ کیلیے
اُسکے معنی بدلنے کا دل مین قصد کر لیتا ہے۔ ایسا شخص پولیس کی ملازمت کو
خوب انجام دیتا ہے اور اگر دنیے دوکانداری کرتا ہے تو فائدہ اٹھاتا
ہے۔ وہ ہر وقت دوکانداری کے اپنی خراب اشیا کو عمدہ اور عمدہ کو
نہایت عمدہ ثابت کر دکھاتا ہے۔ خریدار چاہے جس قدر کوشش کرے

مگر اس دوکاندار کی لفاظی کے سامنے اس چیز کے سارے عیوب اسکی نظر سے پوشیدہ ہو جاتے ہین۔ یہ مشہور ہے کہ دودھ مین پانی کی، گھی مین چربی کی، ہینگ مین مسور کی اور پوڑیہ کے رنگون مین نمک کی آمیزش ہوتی ہے۔ لیکن جن دوکاندارون مین قوتِ اخفا غالب ہے باوجود اس شہرت کے خریدار سے اپنے مال کا عیب مخفی کر کے پورے دام اینٹھ لیتے ہین۔

وہ لوگ جو درویشانہ زندگی بسر کرتے ہین اور جنکے پاس کوئی بات نا رازداری کے قابل نہین ہوتی، انکو چھوڑ کے تمام دنیا دارون کو اپنے دل کا کل حال ہر ایک سے کہہ دینا بھی داخلِ حماقت ہے۔ ہر شخص کو اسقدر لازم ہے کہ اپنے بعض دلی رازون اور ناکمل ارادون کو ہمیشہ کے لیے خواہ کسی وقت کیلیے پوشیدہ رکھے۔ یہ بات ایک حد تک عمدہ خیال کیجاتی ہے ٭

باقی آئندہ

ہندوستان مین بڑے بڑے بنک

نام بنک	صدر مقام اور اسکی شاخین
آگرہ بنک	آگرہ، کلکتہ، بمبئی، لاہور، مدراس، کراچی اور لندن (۳۵ نکولس لین لومبرڈ اسٹریٹ)۔
الہ آباد بنک	الہ آباد، بریلی، کلکتہ، کان پور، دہلی، جھانسی، لکھنؤ اور نینی تال۔
انڈین بنک شملہ	شملہ، کلکتہ، کانپور، لاہور، مری، راولپنڈی، انبالہ، منصوری، اجمیر، آگرہ اور دارجلنگ۔
بنگال بنک	کلکتہ، آگرہ، اکیاب، الہ آباد، بنارس، بمبئی، کانپور، ڈھاکہ، دہلی، حیدرآباد، جلپائی گوری، لاہور، لکھنؤ، مولمین، ناگپور، پٹنہ، رنگون اور سراج گنج۔
بمبئی بنک	بمبئی، احمدآباد، اکولہ، امراوتی، بھوانی کھیرہ، بھڑوچ، ہوبلی، اندور، کراچی، پونا اور سورت۔
کلکتہ بنک	کلکتہ۔
مدراس بنک	مدراس، ایلی پی، بنگلور، بلاری، برہم پور، کلی پٹم، کالی کٹ، کوکاناڈا، کوچین، کلمبو، گنتور، منگلور، میسور، نگاپٹم، اوٹاکمنڈ، تلی چری اور ٹوٹی کورن۔
بہار کو مرشل بنک	جبل پور۔
چارٹرڈ بنک آف انڈیا	آسٹریلیا، چین، ہوئن کورٹ، ڈرینڈل اسٹریٹ لندن، کلکتہ، بمبئی، کلمبو، اکیاب، ٹیپنگ، کوالالمپور، میدن، بنکوک، پینانگ، سنگاپور، بٹاویا، منیلا، شنگھائی، ہانکو، فوچو، ٹنٹ سین، ہانگ کانگ، کوبی اور یکوہاما (جاپان)
مرشل بنک آف انڈیا	مدراس، بمبئی، راولپنڈی، کلکتہ، کراچی اور رنگون۔
کمپٹوئر نیشنل بنک	پیرس، لندن، مانچسٹر، لورپول، ٹیونس، اسفاکس، سوس، منجنگا، میڈیگاسکر، ملبورن، سڈنی، فرانسسکو، جیکاگو، نیویارک (یونائیٹڈ اسٹیٹ) بمبئی اور کلکتہ۔
کریڈٹ لیونائس بنک	پیرس، کلکتہ، بمبئی، سکندریہ، قاہرہ، بندر سعید، بیت المقدس، سمیرنا، قسطنطنیہ، آڈیسہ، ماسکو، سینٹ پیٹرزبرگ، بروسلس، جنیوا، میڈرڈ، بارسلونا، اور لندن۔
دہلی لندن بنک	لندن، دہلی، کلکتہ، منصوری، لکھنؤ اور شملہ (ایجنسیان) آگرہ، الہ آباد، لاہور، نینی تال، بریلی، پٹنہ، بنارس، مدراس، راولپنڈی، مری، بمبئی، کانپور، میرٹھ، دارجلنگ، انبالہ، جھانسی، کراچی، فیض آباد اور رنگون۔
گورکھپور بنک	گورکھپور، کلکتہ، الہ آباد، بنارس، فیض آباد اور لکھنؤ۔
ہانگ کانگ اینڈ شنگھائی بنکنگ کارپوریشن	ہانگ کانگ۔ آموئی، بنکوک، بٹاویا، بمبئی، کلکتہ، کلمبو، فوچو، ہمبرگ، ہانکو، ہیناگو، لندن، منیلا، ناگاسکی، نیویارک، پیکن، پینانگ، رنگون، سائیگون، فرانسسکو، شنگھائی، سنگاپور، سورابایا، ٹنٹ سین، یلولو اور یکوہاما۔
للوئیڈ بنک	دارجلنگ، جلپائی گوری اور بیٹیا گول۔
مرکنٹائل بنک آف انڈیا	لندن، کلکتہ، بمبئی، مدراس، سیلون، کلمبو، گال، سنگاپور، ہانگ کانگ، اور شنگھائی۔
نیشنل بنک آف انڈیا	لندن، کلکتہ، بمبئی، مدراس، کراچی، دہلی، ٹوٹی کورن، کانپور، کلمبو، کانڈی، نیورا، ایلیا، رنگون، منڈالہ، عدن، ممباسہ اور زنجبار۔
اودھ کمرشل بنک	فیض آباد، آگرہ، الہ آباد، بمبئی، بنارس، کلکتہ، کانپور، دہلی، جھانسی، لاہور، لکھنؤ، مدراس، منصوری، نینی تال، شملہ اور انبالہ۔
